© rasailojaraid.com

# قومی اسمبلی میں قومی و ملّی مسائل

سوالات : مولانا عبدالحق مدظلہ

جوابات : وفاقی وزراء

## سرکاری ملازمین کے مکانات کا کرایہ

سوال نمبر ۶۴۴ ۔ مورخہ ۲۰ اگست ۸۵ء

مولانا عبدالحق۔ کیا وزیر مکانات و تعمیرات بیان فرمائیں گے کہ

ا۔ آیا یہ امر واقع ہے کہ حال ہی میں مکانوں کی ضروریات کے لئے کرایہ کی حد اسلام آباد میں وفاقی سرکاری ملازمین کے لئے ۵۰ فی صد اور ملک کے بقیہ ملازمین کے لئے ۳۰ فی صد تک بڑھا دی گئی ہے جب کہ اس سے پیشتر سارے ملک میں یکساں طور پر کرایہ کی حد ادا کر دی جاتی تھی۔

ب۔ کیا یہ امر واقع ہے کہ ۳۰ لاکھ افغان مہاجرین کی آمد کے نتیجے میں نہ صرف مکانوں کے کرایہ میں دگنا اضافہ ہوا ہے۔ بلکہ مکانات کرایہ پر دستیاب نہیں۔

ج۔ اگر ضمن الف اور ب کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت اس مسئلہ پر دوبارہ غور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

سید یوسف رضا گیلانی ۔ ا۔ جہاں تک کرائے پر حاصل کردہ مکانات کا تعلق ہے۔ یہ بات درست نہیں ہے۔ کرایہ کی مد میں اضافے کا اطلاق کرایہ پر حاصل کردہ مکانات پر ہوتا ہے۔

ب۔ یہ بات درست ہو سکتی ہے لیکن وزارت مکانات و تعمیرات کے پاس اس ضمن میں کسی قسم کے اعداد و شمار نہیں جنہیں پیش کیا جا سکے۔

ج۔ اطلاق نہیں ہوتا۔

## ورسک لفٹ کینال کی خشکی سے تحصیل نوشہرہ کا نقصان

سوال نمبر ۴۰۶ ۔ مورخہ ۲۰ اگست ۸۵ء

مولانا عبدالحق۔ کیا وزیر پانی بجلی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ

ا۔ کیا یہ امر واقع ہے کہ وارسک ڈیم کی ایک نہر جو ورسک لفٹ کینال کہلاتی ہے، تحصیل نوشہرہ ارمڑ اور جلوزئی کے علاقوں میں سے گزرتی ہے

ب۔ کیا یہ بھی درست ہے کہ یہ نہر گذشتہ دس سال سے خشک پڑی ہوئی ہے اگر ایسا ہے تو اس معاملہ کے بارے میں کیا کارروائی کئے جانے کی تجویز ہے۔

میر ظفر اللہ خان جمالی۔ ا۔ جی ہاں۔

ب۔ یہ کینال صوبائی محکمہ آب پاشی صوبہ سرحد کی جانب سے چلایا جاتا ہے۔